© rasailojaraid.com



مطابق آئندہ پانچ سال کے لیے جماعت کی جدید رُکنیت و معاونت سازی کا عمل جاری ہے اور یہ مدت 30/جولائی 2016ءکو ختم ہو رہی ہے، بظاہر اکثر ماتحت شاخوں نے اس کام کو جاری تو رکھا ہوا ہے لیکن سست روی کا شکار ہیں، ان سطور کے ذریعے جملہ ماتحت شاخوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ رُکنیت و معاونت سازی کے عمل کو تیز تر کردیں اور دستور کے مطابق اپنے اپنے انتخابات مکمل کر کے اس کی مصدقہ نقل مرکزی دفتر ملتان روانہ کریں، مزید یہ کہ رُکنیت و معاونت سازی کے دائرے کو ہر ممکن حد تک وسیع کرنے کی کوشش کریں، مساجد کے ائمہ کرام اور نمازیوں کے ساتھ ساتھ زندگی کے مختلف طبقات تک اپنا پیغام پہنچائیں، تاکہ مستقبل میں قیام حکومت الٰہیہ، تحفظ ختم نبوت، تحفظ ناموس صحابہ اور وطن عزیز کی حفاظت کی پُرامن جدوجہد کو پہلے سے زیادہ منظّم کیا جاسکے، جملہ ماتحت شاخیں اس بات کو ملحوظ خاطر رکھیں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ 6/اگست 2016ءکو نئی تشکیل پانے والی مجلس شوریٰ کا اجلاس لاہور میں ہوگا، جبکہ 5/6 نومبر 2016ءکو ”کُل پاکستان احرار ورکرز کنونشن“ بھی لاہور میں منعقد ہونا ہے اس لیے جملہ ماتحت شاخیں ان سطور کو سرکلر تصور کرتے ہوئے مذکورہ ہدایات پر مکمل توجہ مرکوز کرلیں کوئی دشواری پیش آئے تو مولانا محمد مغیرہ ناظم انتخابات سے رابطہ کریں، تاکید مزید کی جاتی ہے کہ غفلت ہرگز نہ برتیں، اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو آمین یارب العالمین!

❁ ❁ ❁

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

28 جولائی 2016ء
جمعرات بعد نماز مغرب

دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان

ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)

نوٹ: ہر انگریزی ماہ کی آخری جمعرات کو بعد نمازِ مغرب مجلسِ ذکر و اصلاحی بیان ہوتا ہے

الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان 061-4511961



© rasailojaraid.com